More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com



# پیدائشِ دولت اور تقسیم دولت

# Production & Distribution

سبق 8

فہرست



| صفحہ نمبر | مضامین | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 73 | حصہ الف کثیر الانتخابی سوالات | 01 |
| 75 | حصہ ب مختصر سوالات کے جوابات | 02 |
| 75 | پیدائش دولت | |
| 76 | عاملین پیدائش | |
| 76 | زمین کی تعریف اور اس کی خصوصیات | |
| 76 | پیدائش دولت کے عمل میں سرمایہ کی اہمیت | |
| 77 | ناظم کی ذمہ داریاں | |
| 77 | پیدائش دولت میں محنت کی اہمیت | |
| 77 | آجر کا تعارف | |
| 78 | اُجرت کی تعریف پروفیسر بہم کے الفاظ میں | |
| 78 | خالص اور خام لگان میں فرق | |
| 78 | خالص اور خام منافع میں فرق | |
| 79 | حصہ ج بیانیہ سوالات کے جوابات | 03 |
| 79 | پیدائش دولت کا تعارف پیدائش دولت کن عاملین کے ذریعہ عمل میں آتی ہے۔ | |
| 80 | تقسیم دولت کا تعارف مختلف عاملین پیدائش کو ان کی خدمات کا کیا معاوضہ ملتا ہے؟ | |
| 82 | درسی کتاب کی مشق | 04 |



Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com



## حصہ الف — کثیر الانتخابی سوالات

دیئے ہوئے ممکنہ جوابات میں سے ہر ایک کے لیے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

-1 پیدائش دولت سے مراد ہوتی ہے:
(الف) نیم مادی اشیاء (ب) مادی اشیاء (ج) غیر مادی اشیاء (د) حقیقی مادی اشیاء

-2 بنیادی طور پر دولت کے عوامل ہوتے ہیں:
(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

-3 پیدائش دولت کا پہلا عامل ہے:
(الف) سرمایہ (ب) محنت (ج) تنظیم (د) زمین

-4 رسد غیر لچک دار ہوتی ہے:
(الف) آجر کی (ب) سرمایہ کی (ج) زمین کی (د) محنت کی

-5 پیدائش دولت کا دوسرا اہم عامل ہے:
(الف) سرمایہ (ب) محنت (ج) تنظیم (د) آجر

-6 محنت کے بعد پیدائش دولت کا تیسرا اہم عامل ہے:
(الف) سرمایہ (ب) تنظیم (ج) محنت (د) زمین

7 انسانی محنت کے نتیجے میں وجود میں آنے والی اشیاء کہلاتی ہیں:
(الف) تنظیم (ب) زمین (ج) سرمایہ (د) آجر

-8 بچت کا براہِ راست نتیجہ ہوتا ہے:
(الف) سرمایہ (ب) تنظیم (ج) آجر (د) محنت

-9 تنظیمی ماہر کو کہا جاتا ہے:
(الف) آجر (ب) ناظم (ج) سرمایہ دار (د) محنت کار

.10 کاروبار کے تمام امور سرانجام دیتا ہے:
(الف) ناظم (ب) آجر (ج) محنت کار (د) مزدور

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com



-11 اپنے ذاتی سرمایہ سے کاروبار شروع کرنے والے کو کہا جاتا ہے:

(الف) آجر (ب) سرمایہ دار (ج) ڈائریکٹر (د) منیجر

-12 کاروبار کے نفع ونقصان کا ذمہ دار ہوتا ہے:

(الف) ڈائریکٹر (ب) منیجر (ج) سرمایہ دار (د) آجر

-13 زمین، محنت، سرمایہ اور تنظیم کی کوششوں سے وجود میں آتی ہے:

(الف) پیدائش دولت (ب) تقسیم دولت (ج) صرف دولت (د) عاملین دولت

-14 ایسی رقم جو زمین کو ایک عامل پیدائش کی حیثیت سے معاوضہ کے طور پر حاصل ہوتی ہے، کہلاتی ہے:

(الف) سود (ب) لگان (ج) کرایہ (د) منافع

.15 زمین کے استعمال کے عوض ادا کی جانے والی رقم کہلاتی ہے:

(الف) لگان (ب) خالص لگان (ج) خام لگان (د) لگان اجرت

-16 زمین کے ذاتی اوصاف اور زرخیزی کا معاوضہ کہلاتا ہے:

(الف) خام لگان (ب) خالص لگان (ج) لگان (د) اجرت

-17 پیدائش دولت میں خاص اہمیت حاصل ہوتی ہے:

(الف) آجر کو (ب) تنظیم کو (ج) ناظم کو (د) مزدور کو

-18 مزدور کو اس کی محنت کے صلے میں ملنے والا معاوضہ کہلاتا ہے:

(الف) اجرت (ب) سرمایہ (ج) دولت (د) لگان

-19 سرمایہ کی خدمات کا معاوضہ کہلاتا ہے:

(الف) اجرت (ب) دولت (ج) سود (د) لگان

.20 تمام مصارف کو کل حاصل ہونے والی رقم سے منہا کر دینے پر حاصل ہوتا ہے:

(الف) سود (ب) منافع (ج) دولت (د) سرمایہ

-21 منافع کی اقسام ہوتی ہیں:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

-22 کسی بھی ناظم کو اس کی تنظیمی خدمات اور کاروبار کے نفع ونقصان کی ذمہ داری قبول کرنے کے صلے میں جو رقم حاصل ہوتی ہے، کہلاتی ہے:

(الف) منافع (ب) خالص منافع (ج) خام منافع (د) اتفاقیہ منافع

-33 خام منافع میں شامل ہوتا ہے:

(الف) زمین کا لگان (ب) زمین کی قیمت (ج) زمین کا سود (د) زمین کا منافع

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com



-24 اجارہ دارانہ منافع شامل ہوتا ہے:

(الف) خام منافع (ب) خالص منافع (ج) اتفاقیہ منافع (د) مکمل منافع

-25 ناظم کے ذاتی سرمایہ کا سود شامل ہوتا ہے:

(الف) اتفاقیہ منافع (ب) خام منافع (ج) خالص منافع (د) مکمل منافع

## جوابات

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (1) | ب | (2) | الف | (3) | د | (4) | ج | (5) | ب |
| (6) | الف | (7) | ج | (8) | الف | (9) | ب | (10) | الف |
| (11) | الف | (12) | د | (13) | ب | (14) | ب | (15) | ب |
| (16) | الف | (17) | د | (18) | الف | (19) | ج | (20) | ب |
| (21) | الف | (22) | ب | (23) | الف | (24) | الف | (25) | ب |

## حصہ ب مختصر جواب کے سوالات

### سوال نمبر 1: پیدائشِ دولت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: پیدائش دولت :

عام طور پر پیدائش دولت سے مراد مادی اشیاء کی تخلیق ہوتی ہے جبکہ درحقیقت یہ خیال درست نہیں ہے اس لیے کہ انسان نہ تو مادہ کو پیدا کرنے کی صلاحیت وقدرت رکھتا ہے اور نہ ہی اسے تباہ کرسکتا ہے۔ البتہ وہ اپنی عقل اور شعور سے کام لے کر پہلے سے موجود مادہ کو اپنی کوششوں کے ذریعہ زیادہ کارآمد اور مفید بنا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر بڑھئی اپنے ہنر اور قابلیت سے معمولی لکڑی کو کرسی اور میز، الماری اور عمارتی ساز وسامان کی صورت میں تبدیل کرسکتا ہے اسی طرح کپڑے کے کارخانے میں کپاس کو دھاگہ اور دھاگے کو خوبصورت اور دیدہ زیب کپڑے کی صورت میں تبدیل کیا جاسکتا ہے اسی طرح چمڑے کے جوتے اور بیگ وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔ مختصر یہ کہ مادہ کو انسانی کوشش کے ذریعہ کارآمد اشیاء میں ڈھالا جا سکتا ہے انسان کی یہی کوشش معاشیات میں پیدائش دولت کہلاتی ہے پیدائش دولت کی تعریف درج ذیل الفاظ میں بیان کی جاسکتی ہے کہ:

"پیدائش دولت سے مراد وہ انسانی جدوجہد ہے جس کی بدولت کسی شے یا خدمت میں مزید افادہ یا قدر پیدا ہوسکے۔"

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com



## سوال نمبر2: عاملین پیدائش تعریف کیجیے اوران کے نام لکھئے۔

جواب: عاملین پیدائش(Factors of Production):

پیدائش دولت جن اجزاء کے ذریعہ عمل میں آتی ہے۔انہیں عاملین پیدائش کہتے ہیں۔

عاملین پیدائش کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ زمین(Land)
2۔ محنت (Labour)
3۔ سرمایہ (Capital)
4۔ تنظیم (Organisation)
5۔ آجر (Owner)

## سوال نمبر3: زمین کی تعریف اوراس کی خصوصیات بیان کیجئے۔

جواب: زمین (Land):

زمین سے مراداس کی بالائی سطح اوراس کےعلاوہ وہ تمام معدنی اورقدرتی وسائل جوزمین کے اندر پوشیدہ ہیں اور جوفضا میں پائے جاتے ہیں سب شامل ہیں۔مثال کےطورپرتمام اقسام کی معدنیات، جنگلات، پہاڑ،کانیں،آب وہوا،سمندراورسورج کی روشنی وغیرہ۔

زمین کی خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ زمین کے بغیرکسی بھی قسم کی پیداوارناممکن ہے۔
2۔ کسی بھی ملک کی مجموعی معاشی ترقی کادارومدارزمین پرہی ہوتا ہے۔
3۔ زمین کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس کی رسد غیرلچک دارہوتی ہے۔
4۔ زمین کی ایک اورخاصیت یہ بھی ہے کہ یہ بذاتِ خودکوئی حرکت یاجدوجہد نہیں کرسکتی بلکہ انسان اپنی کوششوں اورکاوشوں کے ذریعہ اس سے کام لے کرپیداوارحاصل کرتا ہے۔

## سوال نمبر4: پیدائش دولت کےعمل میں سرمایہ کی اہمیت بیان کیجئے؟

جواب: پیدائش دولت:

پیدائش دولت میں سرمایہ کومرکزی حیثیت حاصل ہے۔سرمایہ کے بغیر پیدائش دولت ممکن نہیں۔ایسی تمام اشیاء جوانسانی محنت اورکوشش کے نتیجے میں پیداہوتی ہیں سرمایہ کہلاتی ہیں۔اس کے علاوہ تمام اشیاء سرمایہ انسانی محنت اورزمین کے باہمی اشتراک کے ذریعے تیارہوتی ہیں۔

سرمایہ کی تعریف حسبِ ذیل الفاظ میں بیان کی جاسکتی ہے کہ:

" سرمایہ کی اصطلاح اشیاء تیارکرنے والےان تمام آلات کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔جنہیں انسان نے بنایا ہواور جومستقبل میں اشیاء کی پیداوار کےعمل کوجاری رکھ سکیں جیسے کہ مشینیں،کارخانے،گاڑیاں اورخام مال وغیرہ۔"

سرمایہ بچت کابراہِ راست نتیجہ ہوتا ہے یعنی کہ بچت اورسرمایہ لازم وملزوم ہیں۔سرمایہ کے ذریعے آمدنی بھی حاصل ہوسکتی ہے اور کارخانوں میں اشیاء کے پیداواری عمل کوبھی جاری رکھا جاسکتا ہے۔

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com



### سوال نمبر 5: پیدائش دولت میں ناظم کی ذمہ داریوں پر روشنی ڈالیے۔

جواب: ناظم کی ذمہ داریاں (Responsibities of Organisor):

ناظم کی ذمہ داریاں درج ذیل ہیں:

1۔ ناظم کی اولین ذمے داری ہوتی ہے کہ وہ معیار مقدار، خام مال کی خرید و فروخت، مزدوروں کے مسائل اور پیداوار سے متعلق تمام امور سر انجام دے۔

2۔ ناظم کے ذریعے پیداوار کے عمل کو معقول طریقے سے جاری رکھ کر زیادہ سے زیادہ منافع کمانے کے بنیادی مقصد کو حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

3۔ ناظم کا تعلق زیادہ تر ذہنی محنت اور صلاحیت سے ہوتا ہے۔

4۔ ناظم تمام کاروباری امور سر انجام دیتا ہے لیکن کاروبار کے نفع و نقصان سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہوتا۔

### سوال نمبر 6: پیدائش دولت میں محنت کی اہمیت مختصراً بیان کیجئے۔

جواب: پیدائش دولت میں محنت کی اہمیت (Importance of Labour in Factor of Production):

پیدائش دولت کا دوسرا اہم ترین عامل پیدائش، محنت یا مزدور ہے۔ کسی بھی چیز کی تیاری یا بناوٹ میں انسانی محنت و مشقت ضروری ہوتی ہے محنت سے مراد صرف جسمانی محنت ہی نہیں بلکہ اس میں جسمانی محنت کے علاوہ ذہنی کاوشیں بھی شامل ہوتی ہیں۔

معاشیات میں محنت سے مراد وہ ذہنی یا جسمانی کاوش ہوتی ہے جو مادی معاوضہ کی خاطر کی جائے اور جس کا اصل مقصد مادی فوائد یا معاوضہ حاصل کرنا ہو۔ محنت میں چند خصوصیات پائی جاتی ہیں جن کی وجہ سے اس کی اہمیت دیگر عاملین پیدائش کے مقابلے میں اور زیادہ بڑھ جاتی ہے، مثلاً محنت کا ذخیرہ نہیں کیا جا سکتا۔ محنت کی رسد غیر لچکدار ہوتی ہے یعنی کہ مزدوروں کی طلب میں کمی بیشی کے مطابق مزدوروں کی رسد یا ان کی مقدار میں فوری طور پر کمی بیشی نہیں کی جا سکتی۔

### سوال نمبر 7: آجر کسے کہتے ہیں؟

جواب: آجر (Owner):

"وہ شخص جو اپنے ذاتی سرمایہ سے کاروبار شروع کرتا ہے آجر کہلاتا ہے۔"

آجر وہ شخص ہوتا ہے جو کسی کاروبار میں اپنا سرمایہ صرف کرتا ہے یعنی کہ سرمایہ کی فراہمی اور پیداواری ادارہ کے پیمانہ پیدائش کا تعین آجر خود ہی کرتا ہے۔ البتہ پیمانہ پیدائش کے تعین کا انحصار آجر کی ذاتی صلاحیت، لیاقت اور تجربہ پر ہوتا ہے آجر چونکہ کاروبار میں سرمایہ فراہم کرتا ہے اس لیے کاروباری منصوبہ بندی میں اس کے مشورے اور نظریات کو خاص اہمیت حاصل ہوتی ہے۔ فنی اور انتظامی امور کے ماہرین اس کے منصوبوں کے مطابق کاروبار چلانے کی کوششیں کرتے ہیں۔ آجر کاروبار کے ہر قسم کے نفع و نقصان کا ذمہ دار ہوتا ہے اور اگر کاروبار میں منافع حاصل ہو تو اس منافع کا مالک بھی وہی ہوتا ہے اور اگر کاروبار میں کسی بھی قسم کا نقصان ہو جائے تو اس نقصان کو بھی آجر خود ہی برداشت

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com



کرتا ہے۔اس طرح آجر کی حیثیت ایک ایسے شخص کی مانند ہوتی ہے جو کاروبار کے لیے سرمایہ فراہم کرتا ہے۔ناظم کا تقرر کرتا ہے اور کاروباری نفع ونقصان منڈی کے حالات کے مطابق برداشت کرتا ہے آجر کو اس کی صلاحیت، خدمات اور کاوشوں کا جو معاوضہ ملتا ہے اسے منافع کہتے ہیں۔

### سوال نمبر 8: اُجرت سے کیا مراد ہے؟ اجرت کی تعریف پروفیسر بنہم (Benham) کے الفاظ میں کیجئے۔

جواب: اُجرت (Wage):

"پیدائش دولت کے سلسلے میں مزدور کو اپنی محنت کے عوض جو معاوضہ ادا کیا جاتا ہے اسے اُجرت کہتے ہیں"

اُجرت کی تعریف پروفیسر بنہم (Benham) نے درج ذیل الفاظ میں بیان کی ہے:

"اُجرت انسان کی دماغی یا جسمانی محنت کا معاوضہ ہوتا ہے جو ایک آجر طے شدہ معاہدے کے تحت مزدور کو ادا کرتا ہے"

یعنی کہ اجرت ایک ایسا معاوضہ ہے جو مزدور کو پیدائش دولت کے ایک عامل کی حیثیت سے جسمانی اور دماغی کاوشوں کے عوض ایک طے شدہ معاہدہ کے تحت ادا کی جاتی ہے۔

### سوال نمبر 9: خالص لگان اور خام لگان کا فرق واضح کیجئے۔

جواب: خالص لگان (Net Rent):

خالص لگان ایسی رقم ہوتی ہے جو زمین کے استعمال کے عوض ادا کی جاتی ہے۔جیسے کہ زمین اپنی زرخیزی اور دیگر اوصاف کے لحاظ سے ایک دوسرے سے مختلف ہوتی ہے۔بعض زمینوں سے اتنی ہی پیداوار حاصل ہوتی ہے جتنی کہ اس پر محنت کی جاتی ہے اور سرمایہ استعمال کیا جاتا ہے۔ایسی زمینوں پر لگان عائد نہیں ہوتا یہ زمین مختتم زمین کہلاتی ہے۔جبکہ بعض زمین زرخیز اور دیگر اوصاف کی حامل ہوتی ہے لہٰذا ان سے جو پیداوار حاصل ہوتی ہے وہ اس پر صرف کی جانے والی محنت اور سرمایہ سے زیادہ ہوتی ہے لہٰذا یہ فاضل پیداوار جو خالصتاً زمین کی زرخیزی اور دیگر اوصاف کے سبب حاصل ہوتی ہے اس زمین کا لگان کہلاتی ہے اور زمین کے مالک یعنی زمیندار کو زمین کی خدمات کے صلے میں ادا کی جاتی ہے۔

خام لگان (Gross Rent):

خالص لگان تو زمین کے ذاتی اوصاف اور زرخیزی وغیرہ کا معاوضہ ہوتا ہے جب کہ خام لگان میں خالص لگان کے علاوہ ان سہولتوں اور خدمات کے معاوضے بھی شامل ہوتے ہیں جو زمین پر فراہم ہوتی ہیں اگر بجلی اور گیس کی سہولت موجود ہو تو ان کی خدمات کا جو معاوضہ ادا کیا جائے گا وہ مجموعی طور پر خام لگان کہلائے گا۔

### سوال نمبر 10: خالص اور خام منافع میں کیا فرق ہے؟

جواب: خالص منافع (Net Profit):

خالص منافع سے مراد وہ رقم ہے جو ناظم کو اس کی تنظیمی خدمات اور کاروبار کے نفع ونقصان کی ذمہ داری قبول کرنے کے صلے میں حاصل ہوتی ہے۔ناظم پیداوار کے آغاز سے لے کر اس کی فروخت تک کے تمام مراحل اور مسائل کا ذمہ دار ہوتا ہے وہ کاروباری خطرات کا

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com



سامنا کرتا ہے۔ اپنی دوراندیشی، صلاحیت اور تجربے کے ذریعہ ان خطرات کو کم سے کم کرنے کی کوشش کرتا ہے تاکہ کاروبار میں نقصان نہ ہو ان تمام ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے صلے میں اسے جو معاوضہ ملتا ہے وہ خالص منافع کہلاتا ہے۔

خام منافع (Gross Profit) :

خام منافع میں خالص منافع کے علاوہ ان عاملین پیدائش کے معاوضے بھی شامل ہوتے ہیں جو ناظم کی ذاتی ملکیت ہوتے ہیں جیسے کہ زمین، محنت اور سرمایہ وغیرہ اس کے علاوہ اتفاقیہ اور اجارہ داری کی بنیاد پر حاصل ہونے والا منافع بھی خام یا مرکب منافع میں شامل ہوتا ہے۔

## حصہ ج تفصیلی سوالات کے جوابات

**سوال نمبر 1: معاشیات میں پیدائش دولت سے کیا مراد ہے؟ نیز یہ کن عاملین پیدائش کے ذریعے عمل میں آتی ہے۔**

جواب: پیدائش دولت ( Production ):

" پیدائش دولت سے مراد وہ انسانی جدوجہد ہے جس کی بدولت کسی شئے یا خدمات میں مزید اضافہ یا قدر پیدا ہو سکے"

پیدائش دولت درج ذیل عوامل کے ذریعے عمل میں آتی ہے:

1۔ زمین ( Land)
2۔ محنت (Labour)
3۔ سرمایہ (Capital)
4۔ تنظیم (Organisation)
5۔ آجر (Owner)

1۔ زمین (Land):

پیدائش دولت کا پہلا عامل پیدائش "زمین" ہے۔ پیدائش دولت میں زمین بہت اہم کردار ادا کرتی ہے تمام انسانی کاوشوں میں زمین کی خدمات شامل ہوتی ہیں۔ زمین کے بغیر کسی بھی قسم کی پیداوار ممکن نہیں۔ زمین کی ایک اور خاصیت یہ بھی ہے کہ زمین کی رسد غیر لچکدار ہوتی ہے۔ یعنی کہ نہ تو ضرورت کے مطابق زمین کے رقبہ میں اضافہ کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی اس میں کمی کی جا سکتی ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ زمین قدرت کا ایک ایسا عطیہ ہے جس کے استعمال کے عوض انسان کوئی قیمت یا معاوضہ ادا نہیں کرتا۔ اس کے علاوہ زمین کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ یہ خود کوئی حرکت یا جدوجہد نہیں کرتی بلکہ انسان خود اپنی کوششوں کے ذریعے اس سے کام لے کر پیداوار حاصل کرتا ہے۔

2۔ محنت (Labour):

"محنت" پیدائش دولت کا دوسرا اہم ترین عامل پیدائش ہے۔ کسی بھی شے کی تیاری اور بناوٹ میں انسانی محنت کا ہونا لازم ہوتا ہے، محنت صرف جسمانی ہی نہیں ہوتی بلکہ اس میں جسمانی اور ذہنی دونوں قسم کی محنت شامل ہوتی ہیں۔ معاشیات میں محنت سے مراد وہ ذہنی یا جسمانی کاوش ہوتی ہے جو مادی معاوضہ کی خاطر کی جائے اور جس کا اصل مقصد مادی فوائد یا معاوضہ حاصل کرنا ہو۔ محنت میں چند اہم خصوصیات پائی جاتی

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com



ہیں جن کی وجہ سے اس کی اہمیت دیگر عاملین پیدائش کے مقابلے میں اورزیادہ بڑھ جاتی ہے مثلاً محنت کا ذخیرہ نہیں کیا جا سکتا۔ محنت اور مزدور دونوں لازم و ملزوم ہوتے ہیں اور محنت کو کسی طرح بھی مزدور سے الگ نہیں کیا جا سکتا محنت کی رسد غیر لچکدار ہوتی ہے۔

### 3۔ سرمایہ (Capital):

پیدائش دولت کا تیسرا اہم عامل پیدائش "سرمایہ" کہلاتا ہے۔ سرمایہ کو پیدائش دولت میں مرکزی حیثیت حاصل ہوتی ہے اسی وجہ سے سرمایہ کی عدم موجودگی میں پیدائش دولت ممکن نہیں ہے۔ سرمایہ بچت کا براہ راست نتیجہ ہوتا ہے اگر بچت نہ ہو تو سرمایہ بھی وجود میں نہیں آسکتا۔ یعنی کہ بچت اور سرمایہ لازم و ملزوم ہیں سرمایہ کے ذریعے آمدنی بھی حاصل ہوتی ہے اور کارخانوں میں اشیاء کے پیداواری مراحل کو بھی جاری رکھا جا سکتا ہے۔ موجودہ ترقی یافتہ اور خوشحال ممالک کی معاشی ترقی کا انحصار سرمایہ پر ہی ہوتا ہے۔

### 4۔ ناظم یا تنظیم (Organisation):

ناظم تنظیمی ماہر کو کہتے ہیں جو کسی مخصوص پیداواری شعبہ کا ماہر ہوتا ہے۔ ناظم یا تنظیم کے ذریعہ پیداوار کے عمل کو معقول طریقے پر جاری رکھ کر زیادہ سے زیادہ منافع کمانے کے بنیادی مقصد کو حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ جو ناظم زیادہ باصلاحیت، تجربہ کار اور دور اندیش ہوتے ہیں وہ اس مقصد کو حاصل کرنے میں کامیاب رہتے ہیں ناظم کو بھی اس کی صلاحیتوں اور خدمات کے عوض معاوضہ ادا کیا جاتا ہے۔ ناظم کا تعلق زیادہ تر ذہنی محنت اور صلاحیت سے ہوتا ہے اس کی ذمے داری لامحدود ہوتی ہے اور تمام کاروباری امور کا ذمہ دار ناظم ہی ہوتا ہے البتہ کاروبار کے نفع ونقصان سے اسے کوئی سروکار نہیں ہوتا۔

### 5۔ آجر (Owner):

وہ شخص جو اپنے سرمایہ سے کاروبار کا آغاز کرتا ہے آجر کہلاتا ہے۔ یعنی کہ سرمائے کی فراہمی اور پیداواری ادارہ کے پیمانہ پیدائش کا تعین بھی وہ خود ہی کرتا ہے البتہ پیمانہ پیدائش کے تعین کا انحصار آجر کی ذاتی صلاحیت، لیاقت اور تجربہ پر ہوتا ہے اس کے علاوہ اس کا انحصار سرمایہ کی مقدار پر بھی ہوتا ہے۔ اگر سرمایہ کی مقدار بہت زیادہ ہو تو بڑے پیمانہ پر بھی کام شروع کیا جا سکتا ہے آجر چونکہ سرمایہ فراہم کرتا ہے اس لیے کاروباری منصوبہ بندی میں اس کے مشورے اور نظریات کو ایک خاص اہمیت حاصل ہوتی ہے۔ فنی اور انتظامی امور کے ماہرین اس کے منصوبوں کے مطابق کاروبار کو چلانے کی کوشش کرتے ہیں۔

## سوال نمبر2: تقسیم دولت سے کیا مراد ہے۔ مختلف عاملین پیدائش کو ان کی خدمات کا کیا معاوضہ ملتا ہے؟

**جواب: تقسیم دولت (Distribution):**

پیدائش دولت زمین، محنت، سرمایہ اور تنظیم کی کوششوں سے وجود میں آتی ہے ان کی کوششوں اور جدوجہد کے نتیجے میں جو پیداوار حاصل ہوتی ہے اسے قومی پیداوار کہا جاتا ہے۔ اس پیداوار کی مالیت کو قومی آمدنی کہا جاتا ہے۔ قومی آمدنی چونکہ مذکورہ بالا عاملین پیدائش کے ذریعہ حاصل ہوتی ہے اس لیے یہ انہی میں تقسیم کردی جاتی ہے جیسے کہ زمین کی خدمات کے صلے میں اس کے مالک کو لگان ادا کیا جاتا ہے، محنت کے صلہ میں مزدور کو اُجرت ادا کی جاتی ہے۔ سرمایہ کی خدمات کا معاوضہ سود اور آجر کی کاوشوں اور ذمے داریوں کا اجر منافع کی صورت میں ادا کیا جاتا ہے۔

**عاملین پیدائش اور ان کا معاوضہ:**

ہر عامل پیدائش کو ادا کیا جانے والا معاوضہ حسب ذیل ہے:

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com



1۔ لگان (Rent):

لگان ایسی رقم ہوتی ہے جو صرف زمین کے استعمال کے عوض ادا کی جاتی ہے۔ خالص لگان میں زمین کے ذاتی اوصاف اور زرخیزی کا معاوضہ ملتا ہے جبکہ خام لگان میں خالص لگان کے علاوہ ان سہولتوں اور خدمات کا معاوضہ بھی شامل ہوتا ہے جو زمین پر مہیا کی جاتی ہیں خالص لگان ہو یا خام لگان یہ زمین کے مالک کو زمین کی خدمات کے صلہ میں ادا کی جاتی ہے۔

2۔ اُجرت (Wage):

اُجرت کی تعریف پروفیسر بنہم (Benham) نے اس طرح بیان کی ہے کہ:

"اُجرت انسان کی دماغی یا جسمانی محنت کا معاوضہ ہوتا ہے جو ایک آجر طے شدہ معاہدے کے تحت مزدور کو ادا کرتا ہے"

یعنی کی مزدور کو اس کی محنت کے عوض اُجرت ادا کی جاتی ہے یا بالفاظ دیگر مزدور کو اس کی محنت کے صلے میں جو معاوضہ ملتا ہے اسے اُجرت کہتے ہیں۔

3۔ سود (Interest):

سود وہ رقم ہوتی ہے جو کسی قرضہ کے عوض کسی شخص یا بینک کو ادا کی جاتی ہے ناظم کاروبار یا کارخانے کو چلانے اور اسے وسعت دینے کے لیے سرمایہ کسی شخص یا بینک سے بطور قرض حاصل کرتا ہے اس قرض پر ناظم سود ادا کرتا ہے۔ اگر ناظم کاروبار یا کارخانہ میں اپنا ذاتی سرمایہ لگاتا ہے تو بھی وہ اس کا سود خود وصول کرتا ہے۔

4۔ منافع (Profit):

"ایک آجر کو اپنی پیداوار کی مخصوص مقدار فروخت کرنے سے جو کل رقم حاصل ہوتی ہے اس سے تمام مصارف منہا کر دیے جائیں تو باقی جو رقم بچ جاتی ہے وہ خالص منافع کہلاتی ہے۔"

منافع، ناظم کے فرائض اور ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے ادا کرنے کا معاوضہ ہوتا ہے۔

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com



# درسی کتاب کی مشق

سوال نمبر 1 معاشیات میں پیدائش دولت سے کیا مراد ہے؟ پیدائش دولت کن عاملین کے ذریعہ عمل میں آتی ہے؟

جواب دیکھیے بیانیہ جوابات سوال نمبر 1

سوال نمبر 2 زمین کی تعریف اور اس کی خصوصیات بیان کیجیے۔

جواب دیکھیے مختصر جوابات سوال نمبر 3

سوال نمبر 3 پیدائش دولت کے عمل میں سرمایہ کی اہمیت بیان کیجیے۔

جواب دیکھیے مختصر جوابات سوال نمبر 4

سوال نمبر 4 پیدائش دولت میں ناظم کی ذمہ داریوں پر روشنی ڈالیے۔

جواب دیکھیے مختصر جوابات سوال نمبر 5

سوال نمبر 5 تقسیم دولت سے کیا مراد ہے؟ مختلف عاملین پیدائش کو ان کی خدمات کا کیا معاوضہ ملتا ہے؟ مختصر طور پر لکھیے۔

جواب دیکھیے بیانیہ جوابات سوال نمبر 2

سوال نمبر 6 خالص لگان اور خام لگان کا فرق واضح کیجیے۔

جواب دیکھیے مختصر جوابات سوال نمبر 9

سوال نمبر 7 خالص اور خام منافع میں کیا فرق ہے؟

جواب دیکھیے مختصر جوابات سوال نمبر 10

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com